*LESSON : 289*
*PARA : 28*
*SURAH: At- Talaaq*
*AYAAT 1-12*
▬▬▬▬▬▬▬
⚜ *Ayat 1*

سوال 1) اس آیت میں کیا کیا احکامات دیئے گئے ہیں؟

🔴 Q1) Is ayat main kia kia ehkamaat diye gae hain?
جواب
1. جب عورتوں کو طلاق دو تو ان کی عدت کو شمار کر لو.
2. طلاق دیتے وقت اللہ کا تقوی اختیار کر.
3. جب تک عورت کھلی بے حیائی نہ کرے تو اسے اپنے گھر میں سے نہیں نکالو.

🅰
1. Jab aurton ko talaaq do to un ki id'dat ko shumaar kar lo.
2. Talaaq detey waqt Allah ka taqwa ikhtiyaar kar.
3. Jab tak aurat khuli be-hayaai na karey to usy apny ghar mein sy nahi nikaalo

▬▬▬▬▬▬▬
⚜ *Ayaat 2-5*

سوال 1) طلاق کے موقعے پر تقوی اختیار کرنے کے کیا فوائد بتائے گئے ہیں؟

🔴 Q1)Talaaq ky moqey par taqwa ikhtiyaar karne ky kiya fawaid btae gae hain?

جواب
1. اللہ تعالیٰ اسکے لئے مشکل سے نکلنے کا راستہ پیدا کر دیتے ہیں.
2. اللہ تعالیٰ اس کو وہاں سے رزق عطا کرتے ہیں جہاں سے اس نے سوچا بھی نہیں ہوتا.
3. اللہ تعالیٰ اس کو کافی ہو جاتے ہیں.
4. اللہ تعالیٰ اس کے کام میں آسانی پیدا کر دیتے ہیں.
5. اللہ تعالیٰ اس سے اس کی برائیاں دور کر دیتے ہیں اور اس کو بڑا اجر عطا کرتے ہیں.

🅰
1. Allah Tala uske liye Mushkil se nikalne ka rasta paida kar detey hain.
2. Allah Ta'ala usko wahan sey rizq ataa karte hain jahan sey usne socha bhi nahi hota.
3. Allah Ta'ala usko kafi ho jatey hain.
4. Allah Ta'ala us ke kaam mein aasani paida kar detey hain.
5. Allah Ta'ala us se uski buraiyan door kar detey hain aur aur usko bara ajar atta karte hain.

▬▬▬▬▬▬▬
⚜ *Ayat 6*

سوال 1) اگر کوئی مرد اپنی بیوی کو طلاق دے تو دورانِ عدّت اسے اپنی بیوی کے ساتھ کیسا معاملہ کرنا چاہیے؟ اس آیت کی رو سے جواب دیجیئے.

🔴 Q1) Agar koi mard apni biwi ko talaaq dey to doraan- e -iddat usey apni biwi ky sath kiya muaamla karna chahye? Is ayat ki roo se jawab dijye.

جواب
1. دورانِ عدّت مرد کو اپنی بیوی کو وہیں رکھنا چاہئے جہاں وہ خود رہتا ہے.
2. اپنی بیوی کو کوئی تکلیف نہیں پہنچانی چاہیے اور نہ ہی اسے تنگ کرنا چاہیے.
3. اگر عورت حاملہ ہے تو اس پر وضعِ حمل تک اپنا مال خرچ کرنا چاہیے.
4. اگر عورت بچّے کو دودھ پلائے تو مرد کو اس کا اجر عطا کرنا چاہیے.
5. آپس میں بھلے طریقے سے معاملہ کرنا چاہیے.

🅰
1. Doraan -e- iddat mard ko apni biwi ko wahin rakhna chahye jahan wo khud rehta hai.
2. Apni biwi ko koi takleef nahi pohanchaani chahye aur na hi usey tang karna chahye.
3. Agar aurat hamila hai to us par waza -e- hamal tak apna maal kharch karna chahye.
4. Agar aurat bachey ko doodh pilaey to mard ko uska ajar ataa karna chahye.
5. Aapas main bhaley tareeqey sey muaamla karna chahye.

➖➖➖➖➖➖➖
⚜ *Ayaat 8-10*

سوال 1) اللہ تعالیٰ کے حکم سے سرکشی کرنے والوں کا کیا انجام ان آیات میں بتایا گیا ہے؟

🔴 Q1)Allah Ta'ala ky hukam sey sarkashi karne walon ka kiya anjaam in ayaat main btaya gya hai?

جواب
1. اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے سخت حساب لیتے ہیں.
2. ان کو دنیا میں سخت عذاب دیا گیا.
3. ان کو اپنے برے اعمال کی سزا ملی.
4. ان کا انجام ناکامی ہے.
5. آخرت میں بھی اللہ نے ان کے لئے شدید عذاب تیار کر رکھا ہے.

🅰
1. Allah Ta'ala aisey logon sey sakht hisaab letey hain.
2. In ko dunya main sakht azaab dia gya.
3. Un ko apney burey a'amaal ki sazaa mili.
4. Un ka anjaam nakaami hai.
5. Aakhirat main bhi Allah ney un ky lye shadeed azaab tyaar kar rakha hai.

➖➖➖➖➖➖➖
⚜ *Ayat 11*

سوال 1)رسول کا کیا کام اس آیت میں بتایا گیا ہے؟

🔴 Q1)Rasool ka kiya kam is ayat main btaya gya hai?

جواب
لوگوں پر اللہ کی آیات پڑھ کر سنانا تا کہ ایمان لا کر اعمالِ صالح کرنے والوں کو اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے آئے.

🅰

Logon par  Allah ki ayaat parh kar sunaana taa keh imaan la kar a'amaal -e- saalih karney walon ko andheron sey nikaal kar noor ki taraf ley aey.

➖➖➖➖➖➖➖